www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

COLOUR AND LEARN DU'AS

اللہ تعالیٰ کے وہ اچھے اچھے اور پیارے نام جو قرآن شریف اور حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیثوں سے ثابت ہیں

مکتبۃ الاطفال

پڑھیئے ـــــــ سیکھئے ـــــــ رنگ بھریئے

اسمائے حُسنیٰ

حصّہ اوّل

بچّوں کے لئے آسان اور مختصر نصیحتیں،
خوش خطی اور کتابت کی مشق،
ننھّے مُنّے ذہن کے موافق آسان،
اور دلنشین انداز میں اسمائے حُسنیٰ
کے مفہوم و تشریح، پہلی کلاس
سے لے کر پانچویں کلاس تک
کے لئے مفید

ہر اسکول، مدرسہ اور ہر گھر کے لئے
مفید اور اہم کتاب

ناشر: بیت العلم ٹرسٹ کراچی

ترتیب و پیشکش:
اساتذۂ مدرسہ بیت العلم
ST-9E بلاک نمبر 8، گلشن اقبال، کراچی۔
فون: 4976339-4976073

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

PART OF A COMPREHENSIVE AND SYSTEMATIC PROGRAMME OF ISLAMIC EDUCATION.

Pre Primary Level

This textbook has been prepared under the patronage of:

Justice Mufti Muhammad Taqi Usmani
Member of Shariat Appellate Bench, Supreme Court.

Dr. Abdur Razzaq Iskandar
Ph.D. Jamia Al-Azhar (Cairo)
Chancellor, Jamia-tul-Uloom-ul-Islamiah.

Printed in Pakistan

Copyright © November 2001 Bait-ul-Ilm's
All Rights Reserved.

Special note on Copyright:

This book is a part of Bait-ul-Ilm Trust's Comprehensive and systematic programme of Islamic Education.

No part of this book may be reproduced by any means, including, photocopying, electronic, mechanical, recording or otherwise without the written consent of the publisher. In specific cases, permission is granted on written request to publish or translate ***Bait-ul-Ilm's*** works. For information regarding permission, write to

Bait-ul-Ilm Trust
P.O.Box, 11184
Gulshan-e-Iqbal, 75300
Karachi, Pakistan.
E-mail : bit-trust@cyber.net.pk

Chief programme editors

- **Mufti Muhammad Haneef Abdul Majeed**
  Ph.D.
- **Mufti Muhammad Asim Zaki**
  Associate professor Jamia-tul-Uloom-ul-Islamiah.
- **Maulana Rafeeq**
  M. A. University of Karachi.

Editors

- **Muhammad Wasim**
  B.A. University of Karachi.
- **Muhammad Ashfaq**
  M.A. University of Karachi.
- **Syed Sharfuddin Ahmad**
  B.A. University of Karachi.
- **Muhammad Zeeshan Khan**
  B.Ed.

Consultants

- **Hafiz Afzal Ahmad**
- **Jawaid Iqbal**
- **Muhammad Junaid**

Illustrator

- **Syed Nasir**

Calligrapher

- **Kashana-e-Kitabat**

Publications of the Trust are available at

Bait-ul-Ilm Trust
ST 9E, Block-8,
Gulshan-e-Iqbal, Karachi.
Phone: 4976073 Fax: 4976339
email: bit-trust@cyber.net.pk

Maktaba Bait-ul-Ilm
G-29, Ground Floor, Student Bazar,
Near Muqaddas Masjid, Urdu Bazar,
Karachi. Ph: 7726509

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

COLOUR AND LEARN DU`AS

اللہ تعالیٰ کے وہ اچھّے اچھّے اور پیارے نام جو قرآن شریف اور حضورِ اکرم صلّی اللہ علیہ وسلم کی حدیثوں سے ثابت ہیں۔

ھدیۃ الاطفال

اسمائے حُسنیٰ

حصّہ اوّل

بچّوں کے لئے آسان اور مختصر نصیحتیں، خوش خطی اور کتابت کی مشق، ننھّے مُنّے ذہن کے موافق آسان اور دِلنشین انداز میں اَسماءِ حُسنیٰ کے مفہوم و تشریح۔ پہلی کلاس سے لے کر پانچویں کلاس تک کے لئے مفید۔

ہر اسکول، مدرسہ اور ہر گھر کے لئے مفید اور اہم کِتاب

ترتیب و پیشکش:
اَساتذۂ مدرسہ بیتُ العِلم
گلشنِ اقبال۔ کراچی

ناشر
بیتُ العِلم ٹرسٹ
ST-9E بلاک 8 نزد الحمد مسجد گلشن اقبال، کراچی
PH: 4976073-4976339

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

اساتذہ اور معلّمات سے گزارش

اس کتاب کو پڑھاتے ہوئے آپ کو کوئی غلطی یا کمی یا مزید بہتری کی کوئی صورت سامنے آئے تو ضرور ہمیں اطلاع دیں، اور آپ کی کوشش سے یہ کتاب کسی اسکول. .....مدرسہ.....یا مکتب میں جاری ہوگئی تو ہمیں ضرور مطلع فرمائیں یہ آپ کا ہم پر احسان ہوگا اور ہم آپ کو اپنی دلی دعاؤں میں یاد رکھیں گے۔ والسلام

پیارے بچو! اس کتاب میں ہم نے آپ کے لئے بارڈر بنائے ہیں۔ آپ ان میں بھی رنگ بھریئے۔

بچّوں سے گزارش

پیارے بچّو! ان اسماء حسنٰی کو یاد کرکے اس پر رنگ کرنا اور اپنی اس کتاب کو خراب مت کرنا، خوبصورت رنگ بھر کر یہ کتاب اپنے پاس محفوظ رکھنا، اور اپنی کاپی میں ان اسمائے حسنٰی کو روزانہ لکھتے رہنا، اور دوسرے دوستوں کو بھی یہ مبارک نام یاد کروانا، اور اس کے معنی و مفہوم سمجھاتے رہنا، اور پیارے بچّو اس کتاب کو ادب سے اپنے پاس رکھنا، اور روزانہ ایک ایک نام مبارک کی تسبیح پڑھتے رہنا، اور دعا مانگنا! کہ اے اللہ مجھے اور میرے دوستوں اور تمام مسلمان بچّوں کو اپنے دین کی خدمت کے لئے قبول فرما آمین۔

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

مقدمہ

آج کل یہ شکوہ عام ہے، ادارے انحطاط کا شکار ہیں، ہر جگہ ٹوٹ پھوٹ ہو رہی ہے۔ نوجوان نسل تباہ ہو رہی ہے یا بے راہ ہو گئی ہے۔ اب اگر یہ پوچھا جائے کہ ایسا کیوں ہوا تو پتہ یہی چلے گا کہ جو زمانہ اس نوجوان نسل کی تربیت کا تھا یعنی بچپن کا زمانہ اس زمانہ میں ان کی تربیت سے غفلت برتی گئی۔

جو چیز بچے کے خالی ذہن میں بچپن سے نقش کردی جاتی ہے وہ پچپن تک یعنی بڑھاپے تک ذہن میں رہتی ہے۔ اگر بچپن ہی میں ان معصوم پھولوں کی صحیح تربیت دینی اور اخلاقی ماحول میں ہو گئی تو بڑے ہو کر جب یہ مختلف ذمہ داریاں سنبھالیں گے تو اپنے اداروں میں اسلامی اور اخلاقی ماحول کو رواج دیں گے۔ پھر یہ نہیں کہ یہ بچے صرف ڈاکٹر کی حیثیت سے پہنچانے جائیں گے۔ بلکہ یہ ایک مسلمان داعی ڈاکٹر مسلمان داعی انجینئر مسلمان داعی تاجر کی حیثیت سے اسلام کو فروغ دینے والے بنیں گے۔

اللہ تعالیٰ جزائے خیر عطا فرمائے جنوبی افریقہ کے علمائے کرام واحباب دعوت کو کہ انہوں نے اس ضرورت کا سب سے پہلے احساس کیا اور مسلمان بچوں کی اسلامی اور دینی تربیت کے لئے مختلف کتابیں مرتب فرمائیں تاکہ بچپن ہی سے ان کے دلوں میں اللہ تعالیٰ کی محبت اور آخرت کی فکر پیدا ہو۔ اسی سلسلے میں انہوں نے اللہ تعالیٰ کے مبارک ناموں کو دلچسپ کتابی صورت میں شائع کیا الحمد للہ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے اب پاکستان میں اس سے مزید فائدہ اٹھانے کے لئے یہ تدبیر اختیار کی گئی ہے کہ اس کا ترجمہ مع مختصر تشریح کے شائع کیا جائے تاکہ بچوں کو زیادہ سے زیادہ فائدہ ہو۔ اللہ تعالیٰ اس کوشش کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائے اور ہم سب کے لئے ہدایت کا ذریعہ بنائے۔ آمین یا رب العالمین

اگر یہ سلسلہ مدرسوں اور اسکولوں اور مکاتب اور گھروں میں رواج پاگیا تو ان شاء اللہ تعالیٰ اس سے کئی فوائد حاصل ہوں گے جن میں سے کچھ فوائد مندرجہ ذیل ہیں:

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

① اللہ تعالیٰ کے مبارک ناموں کے ساتھ مناسبت ہو جائے گی جو ایمان کا تقاضہ ہے۔

② ان مبارک ناموں کے استحضار سے پوری زندگی اللہ تعالیٰ کے حکموں پر اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے طریقوں پر آنی آسان ہو جائے گی۔

③ ان مبارک ناموں کو بار بار پڑھنے کی برکت سے اللہ تعالیٰ کی پاک ذات کے ساتھ خصوصی تعلق پیدا ہو جائے گا جو پھر ان شاء اللہ تعالیٰ مرتے دم تک قائم رہے گا۔

④ عربی حروف میں سے ہر ہر حرف الگ الگ سمجھنے اور پہنچاننے کی صلاحیت پیدا ہو جائے گی، جس سے ناظرہ قرآن کریم روانی سے پڑھنا آسان ہو گا اور حفظ کرتے ہوئے بچے کو اپنے ناظرہ پر پورا اعتماد ہو گا۔

⑤ عربی لکھنے کی مشق شروع سے ہو جائے گی اور اس کا فائدہ یہ ہو گا کہ شروع سے عربی سے مناسبت پیدا ہو جائے گی، اس کے ساتھ ہماری گزارش یہ ہے کہ ہر بچے سے پورا نورانی قاعدہ لکھوایا جائے، اور عم پارہ بھی لکھوایا جائے۔

امید کی جاتی ہے کہ امت مسلمہ کے باشعور افراد اس کوشش کو پسند فرمائیں گے اور اس سلسلہ کو رواج دینے کی بھرپور کوشش کریں گے اور مزید ترقی کے لئے ہمیں اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں گے۔

عاجزانہ گزارش

① اسکول کے پرنسپل اور مساجد کی کمیٹی کے ممبران، اور مکاتب کے ذمہ دار حضرات سے انتہائی عاجزانہ گزارش ہے کہ اپنے اسکولوں میں، اور دوپہر کے دو گھنٹہ والے مکاتب میں اور مساجد سے ملحق حفظ وناظرہ قرآن کریم کے مدارس میں اس کو جاری کرنے کی کوشش کریں۔

② بچوں کی استعداد اور عمر کا لحاظ رکھتے ہوئے ان کو یہ اسمائے مبارکہ مع ترجمہ یاد کروائیں، اور اس میں رنگ بھروائیں، پھر ان کو الگ کاغذ پر لکھوانے کی مشق کروائیں، ان کے اخلاقی اور عملی نتائج واثرات کاپی میں لکھوائیں، ہر ہر مبارک نام پر اپنی طرف سے اللہ تعالیٰ کی عظمت وکبریائی ان کے دلوں میں ایسی بٹھانے کی کوشش کریں کہ ساری مخلوق کا چھوٹا ہونا ان کے دلوں میں بیٹھ جائے اسی طرح ان اسماء حسنیٰ میں موجود صفات کی وجہ

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

سے جو ہمارے اخلاق معاملات میں تبدیلی یا پختگی پیدا ہونی چاہیئے اسے کاپی پر ہر بچے سے لکھوائیں مثلاً عفو کے معنی درگزر کرنے والا اس سے مراد ہم بھی دوسروں کی غلطیوں کو معاف کرنے والے بنیں، رحیم کے معنی رحم کرنے والا اس سے مراد ہم بھی سب پر خاص کر چھوٹے بھائی بہنوں پر غریبوں کے بچوں پر خوب رحم کریں، اس طرح کے مضامین استاذ/ معلمہ خود بناکر بچوں کو کاپی میں لکھوائیں اور سوالات جوابات بناکر دیں دوسرے دن کاپی چیک کریں اور ان سے کہلوائیں، ہر بچے سے اللہ پاک کی عظمت اور اس کی ایک ایک صفات پر دو دو منٹ کہلوائیں، اس سے بچے ان شاء اللہ تعالیٰ مستقبل کے داعی بنیں گے اور ہر بڑی سے بڑی چیز کی بڑائی ان کے دلوں میں اثر نہیں ڈالے گی، اسی طرح ایک ایک نام مبارک کو دس مرتبہ یا اس سے زیادہ اپنی کاپی میں لکھوائیں۔ اس سے ان شاء اللہ تعالیٰ سب سے بڑا فائدہ یہ ہوگا کہ مسلمان بچوں کو عربی لکھنے کی مشق شروع ہو جائے گی۔ اس سے ناظرہ قرآن اچھی طرح پڑھنا آئے گا، حفظ کرنا آسان ہو جائے گا، اللہ تعالیٰ ہمیں مسلمانوں کے بچوں کے اوقات زیادہ سے زیادہ قیمتی بنانے والا بنائے آمین!

اساتذہ کرام سے گزارش

① ان اسماء حسنیٰ کو پڑھانے لکھوانے سے پہلے اللہ تعالیٰ کی عظمت اور کبریائی بچوں کے دلوں میں بٹھانے کی خوب خوب کوشش کریں۔ اس کے لئے استاذ کو چاہئے کہ خوب مطالعہ کرے، کچھ کتابوں کے نام ہم لکھتے ہیں ان کتابوں کا مطالعہ کرکے بچوں کی دینی ذہن سازی کرتا رہے، حیاۃ الصحابہ (ترجمہ مولانا احسان الحق صاحب) میں سے صحابہ رضی اللہ عنہم کے ایمان ویقین کے باب کا مطالعہ کرے، اسی طرح معرفت الٰہیہ مؤلفہ، مولانا عبد الغنی پھولپوری (رحمہ اللہ تعالیٰ) اصلاحی خطبات مواعظ حضرت مولانا محمد تقی عثمانی صاحب دامت برکاتہم، ایک منٹ کا مدرسہ مؤلفہ مولانا ابرار الحق صاحب دامت برکاتہم، نبیوں کے قصے چھوٹے بچوں کے لئے (مؤلفہ مولانا ابو الحسن علی ندوی) اسلام اور تربیت اولاد مترجمہ مولانا حبیب اللہ مختار صاحب دامت برکاتہم وغیرہ۔ یہ تمام کتابیں ہر استاذ اور معلمہ کو چاہئے کہ اپنے پاس رکھیں، ان سے بیان کرکے یا بچوں کو ان کی کاپی میں لکھوا کر ان کی عمر اور استعداد کی رعایت رکھتے ہوئے ان کو خوب ذہن نشین کروائے۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

② روزانہ ہوسکے تو درسگاہ یا کلاس روم میں جانے سے پہلے دو رکعت صلوٰۃ الحاجت کی پڑھیں اور دعا مانگیں کہ اے اللہ! مجھ پر یہ پڑھانے کی ذمہ داری ڈالی گئی ہے۔ اے اللہ یہ آسان فرما اور مجھے ذریعہ بنادے، ان مسلمان بچوں کی ایسی تربیت کا، کہ یہ میرے لئے دنیا و آخرت میں صدقہ جاریہ بنیں۔ اے اللہ ان بچوں میں حضرت بلال حبشی، صہیب رومی، سلمان فارسی (رضی اللہ عنہم) کی جھلک پیدا فرما دیجئے، ان بچیوں میں حضرت فاطمہ الزہرا، زینب، ام کلثوم و رقیہ (رضی اللہ عنہن) کی صفات پیدا فرما دیجئے آمین۔

③ ان اسماء حسنیٰ میں سے ہر ہر نام کو بچے کی استعداد کے موافق لکھوائے، دس مرتبہ، سے لے کر سو مرتبہ اور کوشش کرے خوشخطی کے طرز پر لکھوائے تاکہ عربی میں لکھنا آسان ہو جائے، اور ہر نام کی ایک ایک تسبیح سو مرتبہ "یا" لگا کر پڑھوائیں اور آخیر میں پیش لگائیں مثلاً یا اللّٰہُ یا رحمنُ یا رحیمُ یا ذَالجلال والاکرام

① یاد رکھئے! بچے کی قیمتی عمر آپ کے پاس امانت ہے، اگر آپ نے اس کی صحیح رعایت نہیں کی، ان کے وقت سے صحیح فائدہ نہیں اٹھایا تو یہ ان نونہالوں کے ساتھ بڑی خیانت ہوگی، اور قیامت کے دن اللہ تعالیٰ کے سامنے اس کا جواب دینا ہوگا۔

② پورے شوق و لگن کے ساتھ طالب علم / طالبہ کے اوقات کی حفاظت کیجئے، ایک دن بھی اس کا ضائع ہونے نہ پائے جتنا وقت بھی وہ اسکول مدرسہ میں دیتا ہے آپ اپنی پوری صلاحیتوں کے ساتھ اس کے وقت کی حفاظت کیجئے۔

③ محترم اساتذہ کرام..... آپ نے ایک بھاری ذمہ داری قبول کی ہے کہ آپ کے زیر تربیت بچوں کے اذہان مکمل دینی و اسلامی بنیں اور ان کے دلوں میں اللہ تعالیٰ اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی سچی محبت پیدا ہو اگر آپ نے اپنی انتھک محنت کوشش اور دعاؤں کے ساتھ اس ذمہ داری کو نبھایا تو ان شاء اللہ تعالیٰ آپ کے لئے اللہ جل شانہ کی طرف سے بے شمار رحمتوں اور برکتوں کے دروازے کھلیں گے۔

یاد رکھئے! تعلیم کا مقصد صرف نصاب پڑھانا یا الف، ب، ت، اور اے، بی، سی یاد کرانا نہیں ہے بلکہ اس کا مقصد طالب / طالبہ میں علمی استطاعت میں اضافے کے ساتھ ساتھ ہمدردی، شفقت، خدمت خلق، اور تہذیب کے مثبت جذبات کا پیدا ہونا ہے اسی لئے اگر کوئی پوچھے کہ دنیا میں سب سے

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

مشکل کام کون سا ہے؟ تو اس کا جواب یہ ہو گا کہ استاد کا کام..... اس لئے کہ تعلیم و تربیت دماغ نچوڑنے اور ہڈیوں کا گودا گھلانے کا کام ہے۔

استاد کے اجزائے ترکیبی میں ضبط نفس، فراخ حوصلگی، صبر و ثبات، قوت برداشت، سلامتی ذہن و فکر اور جگر سوزی و دل سوزی اور تہجد کی دعائیں شامل ہیں، استاد کبھی جلد باز نہیں ہوتا، استاد بے حوصلہ نہیں ہوتا، استاد چڑچڑا نہیں ہوتا، استاد بد خواہ نہیں ہوتا، بلکہ استاد کو زندگی کا ہر لمحہ پل صراط پر سے گزر کر اجر و ثواب کی امید رکھتے ہوئے اللہ تعالیٰ کو راضی کرنے کے جذبے کے ساتھ بسر کرنا پڑتا ہے۔

استاد اور والدین کو ہر فرد کے مقابلے میں کئی گنا زیادہ دلسوزی، دردمندی اور خیر خواہی کے جذبات سے معمور اور تلخ کلامی اور سخت بیانی سے اتنا ہی دور ہونا چاہئے جتنا مشرق و مغرب کے مابین فاصلہ ہے کیونکہ معلم و مربی اپنی منزل کہکشاں سے ہو کر نہیں کانٹوں اور پتھروں سے گزر کر حاصل کرتا ہے۔

لہٰذا ہر معلم و معلمہ سے ہماری دلی درد مندانہ گزارش ہے کہ معصوم نونہالوں کے ساتھ محبت، اپنائیت، رحمت و شفقت، ہمدردی کا سلوک کیجئے۔ یاد رکھئے! ان معصوم پھولوں کو جھٹکا نہیں جاتا، جھڑکا نہیں جاتا، اور انہیں ٹوکا نہیں جاتا، انہیں بلایا جاتا ہے، پاس بٹھایا جاتا ہے اور دلیل اور پیار کے ساتھ سمجھایا جاتا ہے۔ اور پھر دعائیں دی جاتی ہیں، فرض نمازوں کے بعد ایک ایک کا نام لے کر دعائیں مانگ کر ان کو اعلاء کلمۃ اللہ کے لئے قبول کروایا جاتا ہے۔

تعلیم و تربیت کوئی ذاتی مسئلہ یا محض ذریعہ معاش نہیں ہے بلکہ یہ ایسا فریضہ ہے جسے صرف اس نیت اور حرص سے ادا کیا جائے کہ شاید آخرت میں موجب مغفرت بن جائے۔ اور ہمارے پیارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم بھی معلم تھے اس سے بڑی معلم کے لئے کیا خوش خبری ہو گی۔

یاد رکھئے! معلم کو اس کا اجر تو ضرور ملے گا کہ اس نے اپنے حسن کلام، ذاتی ایثار صبر و تحمل اور اچھے کردار سے کتنے بچوں کو سیدھی راہ دکھائی لیکن اس کا کوئی اجر و ثواب نہیں دیا جائے گا کہ معلم نے اپنے بھڑکیلے مزاج، غصیلے انداز، کٹیلے الفاظ سے کتنے بچوں کو دھتکارا اور دور بھگایا۔ بلکہ پکڑ کا خوف ہے۔

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

لہٰذا آپ سے عاجزانہ گزارش ہے کہ اسی انداز سے اور اسی درد دل کے ساتھ واقعی دین کے مٹنے کا غم رکھتے ہوئے ان کو پڑھایا جائے اور ان کی ہدایت کے لئے بے چین ہو کر رو رو کر دعائیں مانگی جائیں۔

تاکہ یہ بچے مستقبل کے رومی، غزالی، جنید بغدادی و شبلی کی صفات کے حامل بنیں ان کے اندر حضرت عمر فاروق، خالد بن ولید و سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی جھلک نظر آئے اور حضرت خدیجہ، حضرت عائشہ و حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہن والا دینی جذبہ بچپن ہی سے پروان چڑھے۔

کورس تو لفظ ہی سکھاتے ہیں
آدمی آدمی بناتے ہیں

اساتذہ و معلّمات سے آخری گزارش ہے کہ اس کتاب کو پڑھاتے ہوئے یہ مستقل دعا کرتے رہیں "اے اللہ مجھ میں اور سب اساتذہ و معلّمات میں اور تمام مؤمنین و مؤمنات میں اپنے ان اسماء مبارکہ کے فیض و برکات، انوار و اسرار اخلاق و آثار پیدا فرمایئے" آمین۔

یہ کتاب ان بچّوں کو پڑھائی جاسکتی ہے

اسکولوں میں:

نئی نسل کو اسلامی سوچ اور اخلاقی تربیت دیندار اساتذہ و معلّمات کے ذریعے دلوائی جائے تو یہ ہماری بہت ہی بڑی خوش قسمتی اور نیک بختی ہوگی تاکہ یہی بچے بڑے ہو کر اسلامی تعلیمات کا جیتا جاگتا نمونہ بن کر ساری دنیا کے باطل نظام چلانے والوں سے فخریہ کہہ سکیں گے "کونو مثلنا"

"آؤ ہم جیسے بنو کہ دنیوی فنون اور عصری علوم میں بھی ماہر ہونے کے باوجود دنیا ہمارے قدموں اور مٹھیوں میں ہے اور دین ہمارے سینوں میں اور ہمارے ظاہر اور باطن پر سجا ہوا ہے"۔

لہٰذا تمام اسکولوں کے پرنسپل حضرات..... سے گزارش ہے کہ وہ یہ کتاب اپنے اپنے اسکولوں میں جاری فرمائیں اور دوسرے دوستوں کو

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

بھی دعوت دیں کہ وہ بھی اپنے اسکولوں میں یہ کتاب جاری کریں۔

مدارس میں:

صبح یا شام مدرسے میں آنے والے بچے جو صرف ناظرہ قرآن کریم پڑھنا چاہتے ہیں اور ناظرہ کے بعد وہ دین کا مکمل علم حاصل کر کے عالم نہیں بن سکتے..... تو کم از کم بنیادی معلومات اور عملی تربیت ہر مسلمان بچے کی اتنی ہو جائے کہ وہ پکا مسلمان اور دین اسلام کا مجاہد اور اس کا داعی بن کر تیار ہو۔ لہٰذا دوپہر کے سوا دو گھنٹوں کو تین حصوں میں تقسیم کیا جائے۔

پہلا حصہ دورانیہ ۴۵ منٹ، اس میں نورانی قاعدہ اور ناظرہ قرآن کریم پڑھایا جائے، دوسرا حصہ دورانیہ ۴۵ منٹ جس میں اس کتاب کو پڑھایا جائے اور عملی طور سے نورانی قاعدہ اور عم پارہ لکھوایا جائے، تیسرا حصہ دورانیہ ۴۵ منٹ عملی تربیت اور اخلاق واسلامی ذہن سازی کے لئے مقرر کیا جائے اس میں ایسی کتابیں رکھی جائیں، جو مسنون اعمال اور مختلف دعائیں، اور اسلامی ذہن سازی کریں، اس کے لئے بھی ان شاء اللہ تعالیٰ ہماری طرف سے ایک کتاب (آسان دینیات) تیار کی جارہی ہے جو عنقریب منظر عام پر ہوگی، آپ سے گزارش ہے کہ اس کتاب کو بھی ضرور اپنے مدرسہ اور اسکول میں جاری کریں ان شاء اللہ تعالیٰ بہت ہی فائدہ ہو گا۔

حفظ کے مدارس کے لئے:

چونکہ جو بچے حفظ کرتے ہیں وہ منزل سنانے کے بعد فارغ بیٹھے بیٹھے خود بھی شرارتوں میں لگتے ہیں اور دوسرے ساتھیوں کو بھی اپنے ساتھ لگاتے ہیں اور بار بار پانی اور پیشاب کی چھٹی لے کر وقت ضائع کرتے ہیں۔ لہٰذا ایسے بچوں کو منزل سنانے کے بعد ایک استاد متعین کر کے عمر کے اعتبار سے یہ کتاب پڑھائی جائے تاکہ ان کے اوقات کی بھی حفاظت رہے اور بچوں کی تربیت بھی ہوتی رہے اور خوشخطی بھی سیکھتے جائیں۔

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

گھر کے لئے:

تمام والدین سے گزارش ہے کہ اپنے بچّوں کی تربیت کے لئے روزانہ کچھ وقت نکال کر اپنے بچّوں کو یہ کتاب پڑھائیں۔

درخواست دعا

تمام مسلمانوں اور خاص طور پر اسکول اور مدارس کے پرنسپل صاحبان سے خصوصی گزارش ہے کہ اپنے اپنے اسکول اور مدارس میں اس کتاب کو جاری فرمائیں اور پھر اللہ سے دعا بھی مانگئے کے یا اللہ ان باتوں کو بچّوں کے دلوں میں اس طرح اتار دے کہ مرتے دم تک ان کے دلوں میں پیوست رہیں اور ہمارے لئے بھی دعا کیجئے کہ جو کوشش تیسری جماعت سے میٹرک تک آسان دینیات کا اس کورس کو بنانے کے لئے کر رہے ہیں اس میں اللہ تعالیٰ ہماری مدد فرمائے اور جلد از جلد اس کو مکمل فرما کر ہم سب کے لئے ہدایت کا ذریعہ بنائے، اس کو اپنی بارگاہ میں شرف قبولیت سے نواز کر عالم اسلام کی تمام درسگاہوں میں جاری فرمائے۔

والسلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

آپ کی دلی دعاؤں کے طالب

اساتذہ مدرسہ بیت العلم

گلشن اقبال کراچی

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

اَلْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى

هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ

اَلرَّحْمٰنُ	اَلرَّحِیْمُ	اَلْمَلِكُ	اَلْخَافِضُ	اَلرَّافِعُ	اَلْمُعِزُّ
اَلْقُدُّوْسُ	اَلسَّلَامُ	اَلْمُؤْمِنُ	اَلْمُذِلُّ	اَلسَّمِیْعُ	اَلْبَصِیْرُ
اَلْمُهَیْمِنُ	اَلْعَزِیْزُ	اَلْجَبَّارُ	اَلْحَكَمُ	اَلْعَدْلُ	اَللَّطِیْفُ
اَلْمُتَكَبِّرُ	اَلْخَالِقُ	اَلْبَارِئُ	اَلْخَبِیْرُ	اَلْحَلِیْمُ	اَلْعَظِیْمُ
اَلْمُصَوِّرُ	اَلْغَفَّارُ	اَلْقَهَّارُ	اَلْغَفُوْرُ	اَلشَّكُوْرُ	اَلْعَلِیُّ
اَلْوَهَّابُ	اَلرَّزَّاقُ	اَلْفَتَّاحُ	اَلْكَبِیْرُ	اَلْحَفِیْظُ	اَلْمُقِیْتُ
اَلْعَلِیْمُ	اَلْقَابِضُ	اَلْبَاسِطُ	اَلْحَسِیْبُ	اَلْجَلِیْلُ	اَلْكَرِیْمُ

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

اَلرَّقِيْبُ	اَلْمُجِيْبُ	اَلْوَاسِعُ	اَلْاَوَّلُ	اَلْاٰخِرُ	اَلظَّاهِرُ
اَلْحَكِيْمُ	اَلْوَدُوْدُ	اَلْمَجِيْدُ	اَلْبَاطِنُ	اَلْوَالِيْ	اَلْمُتَعَالِ
اَلْبَاعِثُ	اَلشَّهِيْدُ	اَلْحَقُّ	اَلْبَرُّ	اَلتَّوَّابُ	اَلْمُنْتَقِمُ
اَلْوَكِيْلُ	اَلْقَوِيُّ	اَلْمَتِيْنُ	اَلْعَفُوُّ	اَلرَّءُوْفُ	مٰلِكُ الْمُلْكِ
اَلْوَلِيُّ	اَلْحَمِيْدُ	اَلْمُحْصِيْ	ذُوالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ		اَلْمُقْسِطُ
اَلْمُبْدِئُ	اَلْمُعِيْدُ	اَلْمُحْيِيْ	اَلْجَامِعُ	اَلْغَنِيُّ	اَلْمُغْنِيْ
اَلْمُمِيْتُ	اَلْحَيُّ	اَلْقَيُّوْمُ	اَلْمَانِعُ	اَلضَّآرُّ	اَلنَّافِعُ
اَلْوَاجِدُ	اَلْمَاجِدُ	اَلْوَاحِدُ	اَلنُّوْرُ	اَلْهَادِيْ	اَلْبَدِيْعُ
اَلْاَحَدُ	اَلصَّمَدُ	اَلْقَادِرُ	اَلْبَاقِيْ	اَلْوَارِثُ	اَلرَّشِيْدُ
اَلْمُقْتَدِرُ	اَلْمُقَدِّمُ	اَلْمُؤَخِّرُ		اَلصَّبُوْرُ	

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

هُوَ



Allah

Meaning: Allah is He besides whom no one could be prayed to

اَللّٰہُ الَّذِیْ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ

اللہ: پیارے بچو! اللہ خدا تعالیٰ کا ذاتی (یعنی اصلی) نام ہے اس کے سوا باقی تمام نام صفاتی ہیں۔پیارے بچو! اللہ ہی نفع اور نقصان کا مالک ہے اور تمام چیزوں کا پیدا کرنے والا ہے۔ لہٰذا ہمیں ہر حالت میں اللہ کو ہی پکارنا چاہئے۔ جب بھی کوئی پریشانی آئے یا جب بھی کچھ مانگنا ہو اللہ سے مانگو۔مثلاً یا اللہ! مجھے سبق یاد کرا دے۔ یا اللہ! مجھے امتحان میں پاس کر دے۔ یا اللہ! مجھے عالم بنا دے۔ یا اللہ! میرے ، میرے والدین اور میرے استادوں کے گناہ معاف فرما دے اور ہاں بچو! ہر نماز کے بعد سو مرتبہ یا اللہ پڑھنا نہ بھولنا۔

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com



MOST KIND

اَلرَّحْمٰنُ : بے حد رحم کرنے والا۔پیارے بچو! اللہ تعالیٰ رحمٰن ہے۔ اپنے بندوں پر مہربان ہے' (ان کی برائیاں چھپاتا ہے) محتاج بندوں پر بھلائیوں کے دروازے کھولتا ہے۔اس کی رحمت سب پر چھائی ہوئی ہے۔ لہٰذا پیارے بچو! ہمیں بھی چاہئے کہ ہم سب کے ساتھ محبت سے رہیں۔ ہر ایک کو فائدہ پہنچانے کی کوشش کریں۔

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

اَلرَّحِيْمُ

MOST MERCIFUL

اَلرَّحِيْمُ: بڑا مہربان۔پیارے بچو! اللہ تعالیٰ رحیم ہے کہ وہ آخرت میں ایمان والے بندوں پر مہربانی کرے گا اور ان کی غلطیوں کو معاف کر دے گا۔ لیکن بچو! ہمیں چاہئے کہ ہم گناہ کے کام سے خود بھی بچیں اور دوسروں کو بھی بچائیں۔

اَلْمَلِكُ

The Sovereign

اَلْمَلِكُ: حقیقی بادشاہ۔پیارے بچو! اللہ تعالیٰ ساری کائنات کا مالک ہے تمام آسمان اور تمام دنیا اور ان دونوں کے درمیان جو کچھ ہے وہ سب اس کی حکومت میں داخل ہیں۔

اَلْقُدُّوْسُ

Pure from all blemishes

اَلْقُدُّوْسُ: برائیوں سے پاک ذات۔پیارے بچو! اللہ تعالیٰ ہمیشہ سے تمام برائیوں اور خرابیوں سے پاک ہے۔ لہٰذا بچو! ایسی پاک ذات کی ہمیں خوب خوب بات ماننی چاہئے۔

اَلسَّلَامُ

THE ONE WHO GIVES PEACE

اَلسَّلَامُ: بے عیب ذات۔پیارے بچو! اللہ تعالیٰ ہمیشہ تمام برائیوں اور خرابیوں عیبوں سے پاک ہے۔ تو ہمیں بھی چاہئے کہ ہم خود بھی برائی سے بچیں اور دوسروں کو بھی برائی سے بچائیں۔

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

اَلْمُؤْمِنُ

اَلْمُؤْمِنُ :امن وایمان دینے والا۔پیارے بچو! اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی ایمان اور امن دینے والا نہیں ہے۔ صرف اسی کا نام ہی دل کو آرام اور روح کو اطمینان دینے والا ہے۔

THE GIVER OF SAFETY AND PEACE

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

اَلْمُهَيْمِنُ

THE GIVER OF PROTECTION

اَلْمُهَيْمِنُ : نگہبان ۔پیارے بچو! اچھی طرح سمجھ لو کہ ہمارا معبود وہی اللہ ہے جو کسی کا حق ضائع نہیں کرتا۔ ہر ایک کا نگہبان ہے اور سب کے خوف کو دور کرتا ہے۔

اَلْعَزِيْزُ

THE MIGHTY
THE STRONG

اَلْعَزِيْزُ سب پر غالب ۔پیارے بچو! اللہ وہ ہے جسے ساری مخلوق پر مکمل غلبہ اور اقتدار کامل حاصل ہے اور وہ اپنی طاقت وقدرت کا استعمال حکمت ، رحم علم اور حلم کے ساتھ فرماتا ہے۔

اَلْجَبَّارُ اَلْمُتَكَبِّرُ

The most powerful

اَلْجَبَّارُ : درست کر دینے والا ۔پیارے بچو!
وہ ٹوٹے ہوئے دلوں کا جوڑنے والا
ہے ۔ پریشان حالوں پر رحم کرنے والا ہے۔

The being of Highness

اَلْمُتَكَبِّرُ : بڑائی اور بزرگی والا ۔پیارے بچو! اللہ تعالیٰ تمام بری باتوں اور عادتوں سے پاک ہے اور سب سے اونچا ہے۔ سب سے بڑا ہے' دنیا کے سارے بڑے اللہ تعالیٰ سے چھوٹے ہیں اس لئے بار بار اللہ اَکْبَرْ پڑھا کرو تاکہ آپ کے دل میں بیٹھ جائے کہ اللہ تعالیٰ سب سے بڑے ہیں۔

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

اَلْخَالِقُ

THE CREATOR

اَلْخَالِقُ: پیدا کرنے والا۔پیارے بچو! اللہ تعالیٰ وہی ہے، جس نے ہر چیز کو اپنے اندازہ سے ٹھیک ٹھیک پیدا کیا ہے۔ جو چیز بھی ہمیں اور آپ کو دنیا میں نظر آتی ہے ان سب کا پیدا کرنے والا اکیلا اللہ ہے اور یہ سب چیزیں اللہ نے ہمارے لئے ہی پیدا کی ہیں۔

اَلْبَارِئُ

THE GIVER OF LIFE

اَلْبَارِئُ: جان ڈالنے والا۔پیارے بچو! اللہ تعالیٰ وہ ہے جس نے تمام مخلوق کو پیدا کیا ہے پھر اس میں جان ڈالی ہے۔ اچھا پیارے بچو اس نام کو سو مرتبہ اپنی کاپی میں لکھو یا باری۔

اَلْمُصَوِّرُ

THE MAKER OF SHAPES

اَلْمُصَوِّرُ: صورت دینے والا۔پیارے بچو! اللہ تعالیٰ جس کی جیسی چاہتا ہے صورت بناتا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ ہی نے ہم سب کی ایک دوسرے سے مختلف صورتیں بنائی ہیں۔ اس لئے ہمیں چاہئے کہ اللہ تعالیٰ نے جس کو جیسا بنایا ہے وہ اس پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کریں۔

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

اَلْغَفَّارُ

The giver of every thing

اَلْغَفَّارُ: درگذر کرنے والا۔پیارے بچو! اللہ تعالیٰ کا نام غفار ہے، یعنی اللہ تعالیٰ ایسے معاف کرنے والے ہیں کہ اگر کوئی انسان اتنے گناہ کرے کہ آسمان و زمین کے درمیان کا خلا بھی بھر جائے اور پھر سچے دل سے توبہ کرلے تو اللہ تعالیٰ اس کے سارے گناہوں کو معاف فرما دیتے ہیں

اَلْقَهَّارُ

The One who controls every thing

اَلْقَهَّارُ: سب پر قابو رکھنے والا۔پیارے بچو! ہمارا زمین پر آرام سے چلنا آسمان کے نیچے بے فکر رہنا صرف اس وجہ سے ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے ان کو ہمارے لئے فائدہ مند بنا دیا ہے۔

اَلْوَهَّابُ

THE GIVER
THE GENEROUS

اَلْوَهَّابُ: سب کچھ عطا کرنے والا۔پیارے بچو! کسی مخلوق کے پاس یا کسی بندہ کے پاس اپنی کوئی چیز نہیں جو کچھ بھی ہے وہ سب اللہ تعالیٰ ہی کا دیا ہوا ہے۔اس لئے یوں دعا مانگا کرو یَا وَهَّابُ هَبْ لِیْ اے سب کچھ عطا کرنے والے مجھے اپنی نعمتیں عطا فرما کسی چیز کی ضرورت ہو تو کسی بندہ سے کبھی بھی کچھ نہیں مانگا کرو، صرف اللہ ہی سے مانگو۔

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

اَلرَّزَّاقُ

The provider

اَلرَّزَّاقُ :روزی دینے والا۔پیارے بچو! سارے انسانوں اورسارے جانداروں کو اللہ تعالیٰ روزی دیتاہے اور وہی کھلاتاہے جو ان کے لئے فائدہ مند ہے۔اس نام کو سو مرتبہ اپنی کاپی میں لکھویَا رَزَّاقُ – اور یہ دعا مانگا کرو اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنِیْ مِنْ عِنْدِكَ –اے اللہ مجھے اپنے فضل سے اپنی طرف سے روزی عطا فرما۔

اَلْفَتَّاحُ

THE REMOVER OF DIFFICULTIES

اَلْفَتَّاحُ :کھولنے والا اور مشکلات کا دور کرنے والا۔پیارے بچو! وہ اللہ ہی ہے جو دل کو حق کیلئے کھول دیتا ہے اور اہل حق اور اہل باطل کے درمیان فیصلہ فرماتا ہے۔

اَلْعَلِیْمُ

THE ALL KNOWING

اَلْعَلِیْمُ: جاننے والا۔اللہ تعالیٰ دلوں کی باتوں کو جانتاہے۔اللہ تعالیٰ کو انسانوں کے تمام اعمال کا علم ہے۔ریت کے ذروں کا اس کو علم ہے پانی کے قطروں کا اس کو علم ہے۔چھوٹی سے چھوٹی چیز سے لے کر بڑی سے بڑی چیز اور بات کا اسے علم ہے۔

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

اَلْقَابِضُ ، اَلْبَاسِطُ

THE ONE WHO MAKES LESS
OR TAKES AWAY

اَلْقَابِضُ :روزی تنگ کرنے والا۔پیارے بچو! اللہ تعالیٰ جس کو چاہتے ہیں روزی بقدر ضرورت دیتے ہیں تاکہ وہ اللہ سے بار بار مانگنے والا بن جائے اور جس حال میں اللہ تعالیٰ نے رکھا ہے اسی حال میں خوش ہونے والا بن جائے۔

THE ONE WHO INCREASES
OR GIVES MORE

اَلْبَاسِطُ: روزی فراخ کرنے والا۔پیارے بچو! اللہ تعالیٰ جس کی چاہتے ہیں روزی بڑھا دیتے ہیں تاکہ وہ اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنے والا بن جائے۔ اور اللہ تعالیٰ کی مخلوق پر خرچ کر کے اللہ کو راضی کرنے والا بن جائے۔

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

اَلْخَافِضُ اَلرَّافِعُ

ONE WHO HUMBLES

THE ONE WHO EXALTS
AND GIVES HONOUR

اَلْخَافِضُ :پست کر دینے والا۔پیارے بچو! اللہ وہی ہے جو برائی کرنے والے کو نیچا کر دیتا ہے۔ لہٰذا ہمیں خود بھی برائی سے بچنا چاہئے اور کوشش کرنی چاہئے کہ ہم سارے انسانوں کو گناہوں سے اور اللہ تعالیٰ کی نافرمانی سے بچانے والے بنیں۔

اَلرَّافِعُ :بلند کر دینے والا۔پیارے بچو! اللہ تعالیٰ ہی ہے جو ایمان اور سچے علم والوں کے درجے بڑھاتا اور بلند کرتا ہے۔ لہٰذا آپ بھی دعا مانگو کہ اللہ تعالیٰ ہم کو دین کے علم والا بنائے۔

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com


اَلْمُعِزُّ

THE GIVER OF HONOUR

اَلْمُعِزُّ: عزت دینے والا۔ پیارے بچو! اللہ تعالیٰ ہی عزت کا مالک ہے اور وہی رسولوں کو اور ان پر ایمان لانے والوں کو عزت دیتا ہے۔ لہٰذا پیارے بچو! یہ ارادہ کرو کہ ہم سارے انسانوں کو ایمان والا بنانے کی کوشش کریں گے تاکہ سب ہی کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے عزت مل جائے۔

اَلْمُذِلُّ

THE GIVER OF DISGRACE

اَلْمُذِلُّ: ذلت دینے والا۔ پیارے بچو! اللہ تعالیٰ ہی ذلت دیتا ہے ان کو جو اس کو نہیں مانتے اور اس کے رسولوں کا انکار کرتے ہیں۔ لہٰذا پیارے بچو! آج سے یہ فیصلہ کرلو کہ ہم ساری دنیا والوں کو دنیا اور آخرت دونوں کی ذلت سے بچائیں گے اور سب کافروں کو سمجھائیں گے کہ اللہ اور اسکے رسول پر ایمان لے آؤ۔

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com


السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ

THE ALL HEARING

(He hears everything)

اَلسَّمِیْعُ: سب کچھ سننے والا۔ پیارے بچو! ساری دنیا کے سارے انسان ایک ساتھ اللہ تعالیٰ کو پکاریں تو اللہ پاک سب کی آواز کو ایک ساتھ سن بھی سکتے ہیں اور جواب بھی دے سکتے ہیں۔

THE ALL SEEING

(He sees everything)

اَلْبَصِیْرُ: سب کچھ دیکھنے والا۔ پیارے بچو! کالی رات میں کالے پتھر پر کالے رنگ کی چیونٹی چل رہی ہو تو اللہ تعالیٰ اس کو دیکھتے بھی ہیں اور اسکے چلنے کی آواز کو بھی سنتے ہیں۔ اس لئے آدمی گناہ چھپ کر نہیں کر سکتا' اس لئے کہ اللہ تعالیٰ سب جگہ دیکھ سکتے ہیں' اس لئے ہمیں برے کاموں سے گناہوں سے بچنا چاہئے۔

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

اَلْحَكَمُ اَلْعَدْلُ

The absolute authority

اَلْحَكَمُ: حاکم مطلق۔ پیارے بچو! بیشک مالک اللہ ہی ہے جو سب پر حکمران ہے۔ وہی مالک ہے۔ جس کا حکم سب سے بہتر اور اونچا ہے۔ لہٰذا پیارے بچو! اس نام کو اپنی کاپی میں دس مرتبہ لکھو۔

THE JUST AND FAIR

اَلْعَدْلُ: سراسر انصاف۔ پیارے بچو! اللہ تعالیٰ اپنے عاجز بندوں پر ظلم نہیں کرتا اور اس نے انہیں ایسے احکامات دیئے ہیں جو عدل و انصاف سے بھرے ہوئے ہیں۔

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

اَلْحَلِیْمُ

THE GENTLE AND TOLERANT

اَلْحَلِیْمُ: بڑا بردبار۔پیارے بچو! اللہ تعالیٰ حلیم ہے یعنی وہ گناہ کی سزا میں رزق بند نہیں کرتا۔وہ اپنے بندوں کو مہلت دیتا ہے کہ وہ گناہوں سے توبہ کر لیں۔اسی طرح ہم کو بھی چاہئے کہ اپنے چھوٹے بھائی بہنوں اور دوستوں کی غلطیوں کو معاف کر دیا کریں۔اور چھوٹے بھائی بہنوں کی چغلی اور شکایت امی ابو سے نہیں کرنی چاہئے۔

اَلْعَظِیْمُ

THE MIGHTY AND GREAT

اَلْعَظِیْمُ: بڑا بزرگ۔پیارے بچو! اللہ تعالیٰ بڑی عظمت والے ہیں۔ اس کی عظمت کے سامنے اونچی سے اونچی مخلوق کی کوئی حیثیت نہیں ہے۔اس لئے یَا عَظِیْمُ یا عَظِیْمُ پڑھتے رہا کرو اور اس کو کاپی میں بار بار لکھتے رہو۔

اَلْغَفُوْرُ

The All Forgiving

He who for give all

اَلْغَفُوْرُ: بہت گناہ بخشنے والا۔پیارے بچو! اللہ تعالیٰ کا نام الغفور ہے' یعنی اللہ تعالیٰ سے جو بھی معافی مانگے اللہ تعالیٰ اس کو معاف کر دیتے ہیں' اور جو اپنے گناہوں سے معافی مانگے اللہ تعالیٰ اس سے بہت ہی خوش ہوتے ہیں۔اس لئے آپ لوگ چلتے پھرتے یہ دعا ضرور مانگا کرو۔ رَبِّ اغْفِرْلِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ یَوْمَ یقوم الحساب. اے میرے رب میرے اور میرے والدین کے اور تمام مسلمانوں کے گناہ معاف فرما دیجئے اس دن جس دن حساب کتاب قائم ہو۔

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

اَلشَّكُوْرُ

THE ONE WHO APPRECIATES

اَلشَّكُوْرُ: قدر دان۔ پیارے بچو! اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کی تھوڑی عبادت پر بہت بڑے بڑے انعامات عطا فرماتا ہے۔ اس لئے ہمیں ہر حال میں اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنا چاہئے پیارے بچو! اللہ تعالیٰ کی ہر نعمت پر الحمدللہ کہا کرو، جب کھانا کھاؤ پانی پیو تو ہر نوالے پر اور ہر گھونٹ پر الحمدللہ کہا کرو۔

اَلْعَلِيُّ

The most high and Lofty

اَلْعَلِيُّ: بہت بلند و برتر۔ پیارے بچو! اللہ تعالیٰ بڑی اونچی شان والا اور عظمت والا ہے اور جو لوگ دنیا میں اللہ تعالیٰ کے حکم مان کر زندگی گزارتے ہیں اللہ تعالیٰ ان کے لئے دنیا میں بھی اونچی شان بنا دیتا ہے۔

اَلْكَبِيْرُ

THE GREAT

اَلْكَبِيْرُ: بہت بڑا (سب سے بڑا)۔ پیارے بچو! اللہ تعالیٰ بہت بڑی عظمت اور بزرگی والا ہے۔ اور وہ اپنے فرمانبردار بندوں کو فوز کبیر (سب سے بڑی) کامیابی یعنی جنت عطا فرمائے گا۔

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

اَلْحَفِيْظُ

THE PROTECTOR

اَلْحَفِيْظُ: سب کا محافظ۔ پیارے بچو! اللہ تعالیٰ ہی ہم سب کی ہر طرح سے حفاظت فرماتا ہے۔ ہمیں چاہئے کہ ہم یہ یقین رکھیں کہ صرف اللہ تعالیٰ ہی ہماری جان اور مال کا محافظ ہے۔ اس لئے گھر سے نکلتے ہوئے دعا ضرور پڑھ لیا کرو اور ہر نماز کے بعد آیت الکرسی بھی پڑھ لیا کرو۔

اَلْمُقِيْتُ

اَلْمُقِيْتُ: سب کو روزی اور توانائی دینے والا۔ پیارے بچو! ہمیں چاہئے کہ ہم صرف اللہ تعالیٰ ہی سے اپنی صحت اور تندرستی کا سوال کریں۔ گھر میں کوئی بیمار ہو تو پہلے اللہ سے دعا مانگا کرو، پھر غریبوں کو صدقہ دیا کرو پھر علاج کیلئے ڈاکٹر صاحب کے پاس جایا کرو۔

اَلْحَسِيْبُ

THE RECKONER
(The One who will take account of our actions on the Day of Qiyaamah)

اَلْحَسِيْبُ: سب کیلئے کفایت کرنے والا۔ پیارے بچو! اللہ تعالیٰ حسیب ہے ہمارے لئے اس کی پناہ اور حفاظت کافی ہے۔ ہمیں صرف اسی پر بھروسہ کرنا چاہئے۔ اس لئے ہر پریشانی میں حَسْبُنَا اللّٰہ وَنِعْمَ الْوَكِيل پڑھ کر دعا مانگا کرو۔

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

اَلْجَلِيْلُ

THE MAGNIFICENT
AND STRONG

اَلْجَلِيْلُ : بڑے اور بلند مرتبہ والا۔پیارے بچو! اللہ تعالیٰ بہت بڑے ہیں کہ انہوں نے بڑے بڑے پہاڑ بنائے آسمان بنایا زمین بنائی سورج بنایا۔ اتنی بڑی بڑی چیزیں اور ساری کائنات بنائی۔

اَلْكَرِيْمُ

THE GENEROUS,
NOBLE AND KIND

اَلْكَرِيْمُ: بہت کرم کرنے والا۔پیارے بچو! اللہ تعالیٰ کریم ہے کہ ہمیں پاکیزہ روزی کھلاتا ہے۔ ہمارے ساتھ نرمی کا معاملہ کرتا ہے۔ ہمیں بھی سب کے ساتھ نرمی اور محبت کا معاملہ کرنا چاہئے۔ اور چلتے پھرتے اللہ تعالیٰ سے دعا مانگتے رہا کرو اے کریم ہم پر کرم فرما۔

اَلرَّقِيْبُ

THE CARETAKER

(Allah takes care of us so that no harm comes to us)

اَلرَّقِيْبُ: بڑا نگہبان۔پیارے بچو! اللہ تعالیٰ کو اپنی ساری مخلوق کی خبر ہے اور وہی اپنی مخلوق کی حفاظت فرماتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس بات کو پسند نہیں کرتا کہ اس کے بندے اس کے علاوہ کسی اور سے امید رکھیں۔

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

اَلْمُجِيْبُ

The hearer and answerer of Du'aas

اَلْمُجِيْبُ: دعائیں سننے اور قبول کرنے والا۔پیارے بچو! اللہ تعالیٰ مجیب ہے کہ وہ ہر سائل کے سوال کا جواب دیتا ہے۔ وہ سب کی دعاؤں کو قبول کرتا ہے۔ تو ہمیں چاہئے کہ ہم اپنی تمام حاجتیں اللہ ہی سے مانگیں۔

اَلْوَاسِعُ

The one who is vaste in mercy and Grace

اَلْوَاسِعُ: وسعت والا۔پیارے بچو! اللہ تعالیٰ بڑی وسعت والا ہے وہ سب کو روزی دیتا ہے سب پر رحمت کرتا ہے۔

اَلْحَكِيْمُ

The very Wise

اَلْحَكِيْمُ: بڑی حکمتوں والا۔پیارے بچو! اللہ تعالیٰ حکیم ہیں۔ ان کا کوئی کام حکمت سے خالی نہیں۔ ان کے ہر حکم میں بندوں کیلئے بہتری ہے۔ اس لئے اللہ تعالیٰ کے ہر حکم اور ہر فیصلہ پر ہم کو خوشی سے راضی ہو جانا چاہئے۔

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

اَلْوَدُوْدُ اَلْمَجِيْدُ

THE MOST LOVING

اَلْوَدُوْدُ: بڑا محبت کرنے والا۔پیارے بچو! اللہ تعالیٰ ودود ہیں اپنے بندوں سے بہت محبت کرتے ہیں۔اسی نے ہمارے والدین کے دلوں میں ہماری محبت ڈالی ہے۔ہمیں چاہئے کہ ہم سارے انسانوں سے اللہ کی رضاکیلئے محبت کریں' ان کا بھلا چاہیں۔

THE VENERABLE
THE GLORIFIED

اَلْمَجِيْدُ: بڑا بزرگ۔پیارے بچو! اللہ تعالیٰ مجید ہیں' بڑی اونچی شان والے ہیں' وہ جو چاہتے ہیں کرتے ہیں' جو ان کی عظمت اور بڑائی بیان کرتا ہے اس سے خوش ہوتے ہیں۔

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com


اَلْبَاعِثُ الشَّهِيْدُ

THE ONE WHO GIVES LIFE AFTER DEATH

اَلْبَاعِثُ :بھیجنے والا' زندہ کرنے والا۔پیارے بچو! اللہ تعالیٰ ہی نے نبیوں کو دنیا میں بھیجا کہ انسان کو سیدھا راستہ دکھائیں۔ہمیں بھی چاہئے کہ ہم اللہ کے احکامات دنیامیں پھیلائیں تاکہ آخرت کی تیاری آسان ہو جائے۔اللہ تعالیٰ نے ہمیں زندگی دی ہے اور اللہ تعالیٰ ہی قیامت میں مردوں کو زندہ کریں گے۔

THE ONE WHO IS PRESENT EVERYWHERE AT ONE AND THE SAME TIME

اَلشَّهِيْدُ: ہرجگہ موجود حاضر وناظر۔پیارے بچو!اللہ تعالیٰ زبردست علم والے ہیں جاننے والے ہیں کوئی بات اللہ سے چھپی ہوئی نہیں نہ کوئی اللہ تعالیٰ سے کچھ چھپا سکتا ہے۔اس لئے ہمیں ہراس کام سے بچنا چاہئے جس سے اللہ تعالیٰ ناراض ہوتے ہوں۔

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

اَلْحَقُّ اَلْوَكِيْلُ

THE TRUE

THE REAL

اَلْحَقُّ: برحق وبرقرار۔پیارے بچو! اللہ تعالیٰ کا نام الحق ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ ہی دین حق یعنی اسلام کا مالک ہے۔اسی کے رسول حق یعنی سچائی کی طرف بلاتے ہیں۔ہمیں چاہئے کہ ہم حق کی پیروی کریں۔اور لوگوں کو حق کی طرف بلائیں۔

THE ONE IN CHARGE

THE ONE ON WHOM WE RELY

اَلْوَكِيْلُ: بڑا کارساز۔پیارے بچو! اللہ تعالیٰ وکیل ہیں کیونکہ ہر کام کو وہی درست کرنے والے ہیں۔جو اس پر بھروسہ کرتے ہیں تو اللہ تعالیٰ ان کے ہر کام کو ٹھیک کر دیتا ہے۔

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

اَلْقَوِیُّ اَلْمَتِیْنُ

The Honour of great might and strength

اَلْقَوِیُّ: بڑی طاقت وقوت والا۔پیارے بچو! اللہ تعالیٰ قوی ہے زبردست طاقت والا ہے۔وہی دل کو ایمان سے قوی کرتا ہے۔انسان کو وہی طاقت ور بناتا ہے۔ اور ساری مخلوقات کو اس نے طاقت دی ہے۔اس لئے روزانہ صبح یَا قَوِیُّ قَوِّنِی سو مرتبہ پڑھ لیا کرو اے بڑی طاقت وقوت والے مجھے طاقت ور بنا دے۔

THE FIRM
THE STRONG

اَلْمَتِیْنُ: شدید قوت والا۔پیارے بچو! اللہ تعالیٰ زبردست قوت والا ہے ساری مخلوق کو روزی دیتا ہے اور یہ کام بہت بڑا ہے۔مگر اللہ تعالیٰ یہ کام کرکے تھکتا نہیں ہے اور ساری مخلوق کو روزی دینے میں وہ کسی کا محتاج نہیں ہے۔

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com



THE FRIEND

اَلْوَلِیُّ: مددگار اور حمایتی شدید قوت والا پیارے بچو! اللہ تعالیٰ ولی ہے یعنی اپنے بندوں کے کام بنانے والے ہیں سب کی مدد کرنے والے ہیں' ایمان والے بندوں کو اپنا دوست بنانے والے ہیں۔ ہمیں بھی چاہئے کہ ہم اللہ تعالیٰ سے محبت کریں اس کو اپنا دوست بنائیں۔

THE ONE WHO IS WORTHY OF PRAISE

اَلْحَمِیْدُ :لائق تعریف۔پیارے بچو! اللہ تعالیٰ حمید ہے وہی تعریف کے قابل ہے کیونکہ وہ آسمانوں اور زمین کا رب ہے سب کا پالنے والا ہے۔ سب پر رحم کرنے والا عظمت وبزرگی والا ہے۔ لہٰذا آپ سونے سے پہلے تسبیحات فاطمہ پڑھ کر سویا کرو تاکہ اللہ کی تعریف خوب خوب بیان ہو سکے۔

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

اَلْمُحْصِیُ

THE ONE WHO RECORDS

اَلْمُحْصِیُ: اپنے علم اور شمار میں رکھنے والا۔پیارے بچو! اللہ تعالیٰ نے ہر چیز کو پیدا کیا ہے اور جن چیزوں کو اس نے پیدا کیا ہے وہ سب اس کے سامنے ظاہر ہیں کچھ اس سے چھپا ہوا نہیں۔ ہر چیز اس کے علم اور شمار میں ہے۔ یہاں تک اللہ تعالیٰ بارش کے قطروں' درخت کے پتوں کا بھی علم رکھتے ہیں۔

اَلْمُعِیْدُ

THE ONE WHO CREATES AGAIN AFTER ANYTHING IS DESTROYED

اَلْمُعِیْدُ: دوبارہ پیدا کرنے والا۔پیارے بچو! اللہ تعالیٰ نے ساری چیزوں کو پیدا کیا ہے اور اللہ تعالیٰ ایک دن ان تمام چیزوں کو ختم کر دیں گے اور پھر اللہ پاک قیامت میں ہمیں دوبارہ پیدا کر دیں گے۔

اَلْمُبْدِیُ

THE ORIGINATOR

(Allah creates everything from nothing)

اَلْمُبْدِیُ: پہلی بار پیدا کرنے والا۔پیارے بچو! اللہ تعالیٰ نے آسمان اور زمین کو اور ساری چیزوں کو پہلی بار پیدا کیا جبکہ اس سے پہلے نہ کوئی زمین تھی نہ آسمان تھا نہ کوئی اور چیز تھی۔ لہٰذا پیارے بچو! اس نام مبارک کو سو مرتبہ اپنی کاپی میں لکھو یا مبدی۔

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

اَلْمُحْيِيْ

THE ONE WHO GIVES LIFE

اَلْمُحْيِيْ: زندگی دینے والا۔پیارے بچو! اللہ تعالیٰ ہی کا نام المحی ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ ہی نے سب کو پیدا کیا ہے۔اور زندگی دی ہے اللہ تعالیٰ ہی ایک چھوٹے سے بیج سے بڑا درخت اگاتے ہیں۔جب ہم سب دنیا سے چلے جائیں گے اللہ تعالیٰ قیامت کے دن ہمیں دوبارہ زندہ کریں گے۔

اَلْمُمِيْتُ

THE ONE WHO GIVES DEATH

اَلْمُمِيْتُ :موت دینے والا۔پیارے بچو! زندگی اور موت سب کچھ اللہ ہی کے اختیار میں ہے وہی زندگی دیتے ہیں اور وہی موت دیتے ہیں' وہی جان ڈالتے ہیں وہی نکالتے ہیں۔ہمیں چاہئے کہ ہمارا جینا مرنا سب اللہ کیلئے ہو جائے یعنی اللہ تعالیٰ کی مرضی کے مطابق ہو جائے۔

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

اَلْحَیُّ

THE ONE WHO LIVES FOREVER

اَلْحَیُّ: ہمیشہ ہمیشہ زندہ رہنے والا۔پیارے بچو! اللہ تعالیٰ کا نام الحی اس لئے ہے کہ وہ زندگی کا مالک ہے قدرت والا ہے ہمیشہ سے ہے ہمیشہ رہے گا۔جتنے بھی جاندار ہیں سب کو اسی نے زندگی بخشی ہے۔

اَلْقَیُّوْمُ

THE ONE WHO LIVES AND EXISTS WITHOUT ANYONE'S HELP

اَلْقَیُّوْمُ: سب کو قائم رکھنے اور سنبھالنے والا۔پیارے بچو! اللہ تعالیٰ کا نام القیوم اس لئے ہے کہ اسے کسی کے سہارے کی ضرورت نہیں ہے۔کسی کی مدد کی ضرورت نہیں وہی سب کو سنبھالتا ہے سب کی مدد کرتا ہے۔اس لئے یا حیُّ یا قیوم کا وظیفہ پڑھتے رہا کرو۔

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

THE INVENTOR

اَلْوَاجِدُ: ہر چیز کو پانے والا۔ پیارے بچو! اللہ تعالیٰ کا نام الواجد اس لئے ہے کہ وہ جو چاہتا ہے کر لیتا ہے۔ اور اپنی نافرمانی کرنے والوں کو پکڑ لیتا ہے۔ جتنے بھی جاندار ہیں اسے ان پر مکمل طور سے قدرت حاصل ہے۔



THE EXCELLENT

اَلْمَاجِدُ: بزرگی والا اور بڑائی والا۔ پیارے بچو! اللہ تعالیٰ کا نام الماجد ہے وہی تعریف کئے جانے کے لائق ہے عظمت والا ہے اونچی شان والا ہے اس کے کام بڑے اچھے ہیں اور بندوں پر اس کے بے شمار احسانات ہیں۔

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

اَلْوَاحِدُ الْاَحَدُ

THE ONE AND ONLY ONE

اَلْوَاحِدُ اَلْاَحَدُ: ایک اکیلا۔ پیارے بچو! اللہ تعالیٰ کا نام الواحد الاحد ہے کیونکہ وہ اکیلا ہے اس کا کوئی ساتھی نہیں ہے۔ اس کا نہ کوئی باپ ہے نہ اس کا کوئی بیٹا ہے۔ وہ بڑی اونچی شان والا اور عظمت والا ہے۔ اس کے جیسا کوئی دوسرا نہیں ہے۔

اَلصَّمَدُ

THE ONE WHO IS NOT IN NEED OF ANYONE OR ANYTHING BUT EVERYONE AND EVERYTHING IS IN NEED OF HIM

اَلصَّمَدُ: بے نیاز۔ پیارے بچو! اللہ تعالیٰ کا نام صمد ہے یعنی سب اس کے محتاج ہیں اور وہ کسی کا محتاج نہیں اسکے بغیر کسی کا کوئی کام نہیں بن سکتا اس کا کام سب کے بغیر بن جاتا ہے۔ اس لئے ہم اللہ تعالیٰ کو راضی کر کے زندگی گذار دیں گے تو ہمارے بھی سارے کام بن جائیں گے۔

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

اَلْقَادِرُ

THE ONE WITH AUTHORITY

اَلْقَادِرُ: قدرت والا۔ پیارے بچو! اللہ تعالیٰ کا نام القادر ہے کیونکہ جو کچھ بھی ہو رہا ہے اسی کی قدرت سے ہو رہا ہے ہم اس کی طاقت و قدرت کا اندازہ بھی نہیں لگا سکتے۔ ہمیں چاہئے کہ ہم اسی کی اطاعت کریں۔ اور ایک تسبیح روزانہ یَا قَادِرُ کی پڑھ لیا کرو۔

اَلْمُقْتَدِرُ

THE ONE WITH FULL AUTHORITY

اَلْمُقْتَدِرُ: پوری قدرت رکھنے والا۔ پیارے بچو! اللہ تعالیٰ کا نام المقتدر ہے کیونکہ وہ قدرت والا بادشاہ ہے۔ بڑی عزت والا بڑی شان والا ہے۔ دنیا میں جو کچھ جہاں ہو رہا ہے وہ اسی کی قدرت سے ہو رہا ہے ہر چیز پر اللہ تعالیٰ کو قدرت حاصل ہے، اس کے حکم کے بغیر کچھ بھی نہیں ہو سکتا۔

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

اَلْمُقَدِّمُ

THE ONE WHO LETS ANYONE OR ANYTHING GO AHEAD

اَلْمُقَدِّمُ: پہلے اور آگے کرنے والا۔پیارے بچو! اللہ تعالیٰ کا نام المقدم ہے یعنی اللہ تعالیٰ نیک اور سچے لوگوں کو آگے بڑھاتا ہے ان کو ترقی دیتا ہے۔اس لئے ہمیں چاہئے کہ ہم نیک کاموں میں آگے بڑھنے والے بنیں اور امی ابو اور استاد کی بات ماننا بہت ہی بڑا نیکی کا کام ہے اس لئے امی ابو جو بھی کہیں ان کی بات مانا کرو۔

اَلْمُؤَخِّرُ

THE ONE WHO PUTS BACK

اَلْمُؤَخِّرُ: پیچھے اور بعد میں رکھنے والا۔پیارے بچو! اللہ تعالیٰ کا نام الموخر ہے یعنی اللہ پاک ان لوگوں کو جو برے کام کرتے ہیں پیچھے کر دیتا ہے اس لئے پیارے بچو! ہم سب کو برے کاموں سے بچنا چاہئے۔

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com



THE FIRST AND FOREMOST

اَلْاَوَّلُ :سب سے پہلے ۔پیارے بچو! اللہ تعالیٰ کا نام الاول ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ ہمیشہ سے ہے ۔ باقی جتنی بھی چیزیں ہیں ان میں سے کوئی بھی ہمیشہ سے نہیں ہے سب کو اللہ ہی نے پیدا کیا ہے ۔

THE LAST

اَلْاٰخِرُ :سب کے بعد ۔پیارے بچو! اللہ تعالیٰ کا نام الاخر ہے کیونکہ وہ ہمیشہ رہیں گے یہ دنیا ایک دن ختم ہو جائے گی مگر اللہ تعالیٰ ہمیشہ رہیں گے اور انسان بھی ایک مرتبہ جب دنیا میں آگیا تو یہاں سے انتقال کے بعد ہمیشہ رہے گا' جو نیک ہو گا وہ ہمیشہ ہمیشہ کی جنت میں رہے گا۔

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

لَہٗ الظَّاهِرُ الْبَاطِنُ

THE MANIFEST, THE OBVIOUS, THE OPEN

اَلظَّاهِرُ: ظاہر۔پیارے بچو! اللہ تعالیٰ کا نام الظاھر ہے کیونکہ ہم چاند سورج زمین آسمان کو دیکھ کر سمجھ سکتے ہیں کہ ان کو لازماً کسی نے بنایا ہے یہ خود بخود نہیں بنے نہ کوئی چیز خود بخود بن سکتی ہے۔ان کو بنانے والا اللہ تعالیٰ ہے۔

THE HIDDEN, THE ONE WHO IS NOT SEEN

اَلْبَاطِنُ: پوشیدہ، چھپا ہوا۔پیارے بچو! اللہ تعالیٰ کا نام الباطن ہے کیونکہ وہ کسی کو نظر نہیں آتا کوئی اسے اس دنیا میں دیکھ نہیں سکتا۔ان شاء اللہ تعالیٰ ہم سب کو جنت میں اللہ تعالیٰ کی زیارت ہوگی۔

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

اَلْوَالِی اَلْمُتَعَالِی

THE ONE WHO HAS POWER OVER EVERYTHING

اَلْوَالِیْ: ہر چیز کا مالک اور باختیار۔ پیارے بچو! اللہ تعالیٰ کا نام والی ہے کیونکہ سب چیزوں کو انہوں نے ہی پیدا کیا ہے اور وہی ان کے مالک ہیں وہی سب کی حفاظت کرتے ہیں۔ اور وہی سب کی مدد کرتے ہیں۔ اس لئے پیارے بچو! ہمیں بھی غریبوں، محتاجوں کی مدد کرنی چاہئے۔

FAR ABOVE THE CREATION

اَلْمُتَعَالِ: سب سے بلند و برتر۔ پیارے بچو! اللہ تعالیٰ کا نام المتعالی ہے کیونکہ وہ سب سے بڑا ہے سب سے اونچا ہے۔ اس کی جتنی بھی تعریف کر لی جائے وہ کم ہے۔ ہم اس کی تعریف بیان کرنے کے بھی قابل نہیں ہیں۔ اس لئے پیارے بچو! ہمیں ہر وقت اللہ تعالیٰ کے سامنے عاجزی کرتے رہنا چاہئے اور اللہ تعالیٰ کی ہر نعمت پر اس کا شکر ادا کرنا چاہئے۔

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

اَلْبَرُّ التَّوَّابُ

ONE WHO TREATS WITH KINDNESS

اَلْبَرُّ: بڑا اچھا سلوک کرنے والا۔پیارے بچو! اللہ تعالیٰ کا نام البر ہے کیونکہ اس کے اپنے بندوں پر بے شمار احسانات ہیں۔وہ دنیا کی نعمتیں بھی دیتا ہے اور وہی آخرت کی نعمت یعنی جنت عطا فرمائے گا۔اس لئے پیارے بچو! ہمیں بھی اپنے والدین، استادوں اور سب لوگوں کے ساتھ اچھا سلوک کرنا چاہئے۔ اچھا بچو! اب تم نیک بنو گے نا..... شاباش.....

THE ONE WHO ACCEPTS TAUBAH AND REPENTANCE

اَلتَّوَّابُ: بہت زیادہ توبہ قبول کرنے والا۔پیارے بچو! اللہ تعالیٰ التواب ہیں کیونکہ جب کسی بندے سے کوئی گناہ ہو جائے اور اسے اس پر افسوس ہو اور پھر وہ اللہ سے معافی مانگے تو اللہ تعالیٰ نے وعدہ کیا ہے کہ میں وہ گناہ ضرور معاف کر دوں گا۔اس لئے پیارے بچو! اگر ہم سے بھی کوئی اپنی کسی غلطی کی معافی مانگے تو ہمیں ضرور معاف کر دینا چاہئے۔

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

اَلْمُنْتَقِمُ

THE ONE WHO HAS THE POWER TO TAKE REVENGE

اَلْمُنْتَقِمُ :بدلہ لینے والا۔پیارے بچو! اللہ تعالیٰ کا نام المنتقم ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ ان لوگوں کو سزا دیتا ہے جو اس کے نیک بندوں کو ستاتے ہیں اور تکالیف پہنچاتے ہیں۔اس لئے آپ کبھی بھی کسی کو تنگ مت کرنا' کسی کی بد دعا مت لینا' سب کی دعا لینا' سب کو خوش رکھنا۔

اَلْعَفُوُّ

THE ONE WHO PARDONS

اَلْعَفُوُّ :بہت زیادہ معاف کرنے والا۔پیارے بچو! اللہ تعالیٰ کا نام العفو ہے کیونکہ وہ اپنے بندوں کو بہت زیادہ معاف کرنے والا ہے اور بغیر معافی مانگے بھی معاف کر دیتا ہے۔پیارے بچو! اللہ تعالیٰ کو اپنے وہ بندے بہت پسند ہیں جو دوسروں کی غلطیوں کو معاف کر دیتے ہیں۔

اَلرَّءُوْفُ

THE AFFECTIONATE AND KIND

اَلرَّءُوْفُ :بہت زیادہ رحمت کرنے والا۔پیارے بچو! اللہ تعالیٰ کا نام الرووٴف ہے کیونکہ وہ اپنے بندوں پر بہت زیادہ رحمت کرنے والا ہے۔ ہماری درخواست کے بغیر اس نے ہمیں پیارے پیارے امی ابو دیئے آنکھیں دیں ہاتھ پیر دیئے اور بھی کتنی نعمتیں دی ہیں۔

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

مَالِكُ الْمُلْكِ

POSSESSOR OF SOVEREIGNTY

(The whole universe and its kingdom and authority belong to Allah alone)

مٰلِكُ الْمُلْكِ : بادشاہوں کا بادشاہ ملکوں کا مالک : پیارے بچو! اللہ تعالیٰ کا نام مالک الملک ہے کیونکہ وہ جس کو چاہتا ہے ملک دیتا ہے جس سے چاہتا ہے ملک واپس لے لیتا ہے' ساری دنیا کا وہی بادشاہ ہے۔ قیامت کے دن اللہ تعالیٰ پوچھیں گے آج کس کی بادشاہت ہے؟ جواب ہو گا لِلّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارْ آج ایک اکیلے زبردست اللہ ہی کی بادشاہت ہے۔

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

ذُوالْجَلَالِ وَالْاِكْرَام

POSSESSOR OF SOVEREIGNTY AND BENEVOLENCE

(Allah Ta'aala controls the whole universe and He is good and kind)

ذُوالْجَلَالِ وَالْاِكْرَام :عظمت وجلال اور انعام واکرام والا : پیارے بچو! اللہ تعالیٰ کا نام ذوالجلال والاکرام ہے کیونکہ وہ بڑی عظمت والا ہے بڑی شان والا ہے۔ ساتوں زمین اور آسمان پر اسی کی حکومت ہے۔مگر پیارے بچو! اتنی عظمت اور بڑائی والا ہونے کے باوجود وہ اپنے بندوں کو نہیں بھولتا انکو بھی انعامات اور نعمتوں سے نوازتا ہے۔

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com



THE JUST AND FAIR

اَلْمُقْسِطُ :عدل وانصاف قائم کرنے والا۔پیارے بچو! اللہ تعالیٰ کا نام المقسط ہے کیونکہ وہ عدل وانصاف کرنے والا ہے۔کسی پر ظلم کرنے والا نہیں ہے' اور وہ اس بات کو پسند کرتا ہے کہ اس کے بندے بھی دنیا میں انصاف کے ساتھ رہیں' کسی پر ظلم نہ کریں' بیواؤں یتیموں کی پرورش کریں۔

THE ASSEMBLER

(Allah Ta'aala will gather all mankind
on the Day of Qiyaamah)

اَلْجَامِعُ:سب کو جمع کرنے والا۔پیارے بچو! اللہ تعالیٰ کا نام الجامع ہے کیونکہ وہ قیامت کے دن سارے انسانوں کو ایک میدان میں جمع کرے گا۔اسی نے ایک پھل کے اندر خوشبو مزہ اور رنگ کو جمع کر دیا ہے۔وہی اللہ ہے جو بچھڑے ہوئے رشتے داروں کو آپس میں ملاتا ہے۔اس لئے کوئی چیز گم ہو جائے تو یَا جَامِعُ اِجْمَعْ بَیْنِیْ وَبَیْنَ ضَالَّتِیْ پڑھ لیا کرو۔

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com



THE ONE WHO MAKES PEOPLE RICH
AND INDEPENDENT

اَلْمُغْنِيُ: بے نیاز و غنی بنا دینے والا۔ پیارے بچو! اللہ تعالیٰ کا نام المغنی ہے۔ کیونکہ وہ اپنے بندوں کو غنی بنا دیتا ہے۔ جو اس سے سوال کرتے ہیں ان کے سوال کو پورا کرتا ہے۔ امیروں غریبوں سب کی ضرورت وہی پوری کرتا ہے۔ اس لئے یہ بھی پڑھا کر یَا مُغْنِی اَغْنِنِی بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ. اے بے نیاز و غنی بنانے والے مجھے ایسا غنی بنا دے کہ میں آپ کے سوا کسی کا محتاج نہ رہوں۔

The completely Independent

اَلْغَنِيُّ: بڑا بے نیاز و بے پروا۔ پیارے بچو! اللہ تعالیٰ کا نام الغنی ہے کیونکہ وہ کسی کا محتاج نہیں ہے۔ اور سب اسی کے محتاج ہیں۔ دنیا میں جتنے انسان ہیں وہ اپنے کاموں میں ایک دوسرے کی مدد کے محتاج ہیں مگر اللہ تعالیٰ کسی کام میں کسی کی مدد کے محتاج نہیں۔ اس لئے پیارے بچو! ہمیں چاہئے کہ ہم صرف اللہ تعالیٰ ہی سے مانگنے والے بنیں۔

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

اَلضَّآرُّ

THE ONE WHO HAS THE POWER TO BRING DISTRESS AND WORRIES TO ANYONE

اَلضَّآرُّ: ضرر پہنچانے والا۔پیارے بچو! اللہ تعالیٰ کا نام الضار ہے کیونکہ فائدہ اور نقصان صرف اللہ ہی کے ہاتھ میں ہے۔اور اللہ تعالیٰ کو اس بات پر پوری قدرت حاصل ہے کہ وہ لوگوں کو ان کے برے اعمال کی وجہ سے سخت سے سخت سزا دے۔

اَلْمَانِعُ

THE HINDERER

THE ONE WHO HAS THE POWER TO DENY AND DEPRIVE

اَلْمَانِعُ :روک دینے والا۔پیارے بچو! اللہ تعالیٰ کا نام المانع ہے کیونکہ جب برے لوگ نیک لوگوں کو تکلیف پہنچانے پر آتے ہیں تو وہ نیک لوگوں کی حفاظت کرتا ہے اور دشمنوں کو نیک لوگوں کو تکلیف پہچانے سے روک دیتا ہے۔

اَلنَّافِعُ

THE BENEFACTOR

(Only Allah Ta'aala gives benefit to whomever He pleases)

اَلنَّافِعُ: نفع دینے والا - پیارے بچو! اللہ تعالیٰ کا نام النافع ہے کیونکہ وہ اپنے بندوں کو بیماری کے بعد صحت عطا فرماتا ہے۔ رنج کے بعد خوشی عطا فرماتا ہے۔ تنگدستی کے بعد خوشحالی عطا فرماتا ہے۔ لہٰذا پیارے بچو! ہمیں چاہئے کہ ہم سب کو فائدہ پہنچائیں۔ کسی کو ہمارے ہاتھ یا زبان سے تکلیف نہ پہنچے۔

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

النور الهادی

The light and the giver of light

اَلنُّوْرُ: سراسر نور اور نور بخشنے والا۔پیارے بچو! اللہ تعالیٰ کا نام النور ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نور ہے اور وہ ایمان والوں کے دلوں میں نور ڈال کر ان کو برائیوں سے اچھائیوں کی طرف لے آتا ہے۔اس لئے یانُور پڑھ کر دعا مانگا کرو۔

The being who shows and leads upon the straight path.

اَلْهَادِیْ :سیدھا راستہ دکھانے اور اس پر چلانے والا۔پیارے بچو! اللہ تعالیٰ کا نام الھادی ہے وہی اپنے بندوں کو سیدھے راستے کی ہدایت دیتا ہے اس پر چلاتا ہے - برائی کے راستے پر چلنے سے اپنے بندوں کو بچاتا ہے۔پیارے بچو! ہمیں بھی چاہئے کہ ہم اللہ کے بندوں کو سیدھے اور سچے راستے کی طرف بلانے والے بنیں۔اچھا اب تم بڑے ہو کر دین پھیلانے والے بننا ٹھیک ہے بچو۔

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com



THE DEVISER

(Allah Ta'aala is the creator of things which never existed before)

اَلْبَدِیْعُ :بے مثال چیزوں کو ایجاد کرنے والا۔پیارے بچو! اللہ تعالیٰ کا نام البدیع ہے کیونکہ اسی نے آسمان اور زمین کو اس طرح بغیر نمونہ کے پیدا کیا کہ اس سے پہلے کوئی آسمان اور زمین موجود نہ تھے۔اس لئے ہم اس طرح دعا مانگا کریں یَا بَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ وَالارض، اغفرلی وارْحَمْنِی اے ساتوں آسمان وزمین کے بے مثال ایجاد کرنے والے میرے گناہوں کو معاف فرما اور مجھ پر رحم فرما۔

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

اَلْبَاقِیُ

THE ETERNAL

(Allah will remain forever and ever)

اَلْبَاقِیُ: ہمیشہ ہمیشہ باقی رہنے والا۔ پیارے بچو! اللہ تعالیٰ کا نام الباقی ہے کیونکہ دنیا کی ساری چیزیں ختم ہو جانے والی ہیں اور اللہ تعالیٰ ہمیشہ باقی رہیں گے۔ اللہ تعالیٰ ہمیشہ سے ہیں اور ہمیشہ رہیں گے۔ باقی ساری چیزیں ایک نہ ایک دن ختم ہو جائیں گی۔ اس لئے ہمیں دنیا کی کسی چیز سے دل نہیں لگانا چاہئے اور کوئی چیز نہ ملے تو اس پر رونا اور ضد نہیں کرنا چاہئے۔

اَلْوَارِثُ

ONE WHO REMAINS ALIVE AFTER EVERYTHING IS DESTROYED

اَلْوَارِثُ: سب کا وارث۔ پیارے بچو! اللہ تعالیٰ کا نام الوارث ہے کیونکہ دنیا میں جو کچھ ہے سب اسی کا ہے۔ جب انسان دنیا سے جاتے ہیں تو دنیا کی چیزیں تو دنیا ہی میں چھوڑ جاتے ہیں اور صرف اپنے اعمال ساتھ لے جاتے ہیں۔ لہٰذا پیارے بچو! ہمیں چاہئے کہ ہم آخرت کی تیاری کیلئے اچھے اعمال کریں۔

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com



ONE WHO LOVES VIRTUE AND GUIDES TOWARDS GOOD

اَلرَّشِیْدُ :راستی اور نیکی پسند کرنے والا۔پیارے بچو! اللہ تعالیٰ کا نام الرشید ہے کیونکہ وہی نیک بندوں کو سیدھے راستے پر چلاتا ہے اور ان بندوں سے خوش ہوتا ہے جو سیدھے راستے پر خود بھی چلتے ہیں اور دوسروں کو بھی اس کی ترغیب دیتے ہیں۔

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

اَلصَّبُوْرُ

MOST FORBEARING

Allah Ta'aala tolerates the evils that mankind do. He does not punish immediately. He gives grace so that people may repent.

اَلصَّبُوْرُ : بڑے صبر اور تحمل والا۔پیارے بچو! اللہ تعالیٰ کا نام الصبور ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کے گناہوں پر ان کو فوراً سزا نہیں دیتا بلکہ معاف کرتا ہے نظر انداز کرتا ہے ان کو روزی بھی دیتا رہتا ہے۔اسی طرح پیارے بچو! ہمیں بھی چاہئے کہ ہم دوسروں کی غلطیوں کو معاف کر دیا کریں۔اپنے چھوٹے بھائی بہنوں کی غلطیوں پر صبر کریں ہر وقت امی ابو کو شکایت نہیں لگانی چاہئے کہ بھائی نے ایسا کیا وغیرہ وغیرہ.....

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

بچوں کی ہدایت اور رہنمائی کے لئے ایک بہترین تحفہ

آسان دینیات

چھوٹے بچوں کے لئے ہر جگہ چاہے وہ اسکول ہوں یا مدارس ایک آسان اور بچوں کی فہم و سمجھ کے مطابق عملی طور پر تعلیم دینے والے نصاب کی ضرورت محسوس کی جارہی تھی، الحمد للہ کراچی کے بعض علماء کرام اور بعض اسکولوں کے اساتذہ اور بعض پرنسپل حضرات وخواتین کی ایک جماعت نے مل کر اس پر فکر فرمائی، بعضوں نے پورا وقت فارغ فرماکر ہند وپاک کے جدید وقدیم نصاب کی کتابوں کا مطالعہ کیا، اور سعودی عرب وامارات وجنوبی افریقہ کے بعض جدید نصاب کو سامنے رکھ کر ہمارے بچوں کے مزاج کے موافق اس کو تیار کیا ہے۔ جس میں مختلف اسلوبوں کے ذریعہ نہایت آسان اور دلنشین انداز میں اس بات کی کوشش کی گئی ہے کہ بچّے کے دل ودماغ میں اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی عظمت اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سچی محبت اور فکر آخرت کا جذبہ پیدا ہو، اسی طرح ہر سبق کے بعد نظریاتی اور علمی سوالات کے بجائے فکری اور عملی سوالات دیئے گئے ہیں تاکہ وہ ایک نونہال کو مہذب اور شائستہ بننے کے لئے راہ ہموار کرے۔

اگر آپ کے علاقے میں کوئی اسکول یا مکتب ہو تو اس دینیات کو اس میں ضرور جاری کروانے کی کوشش کیجئے یہ کتاب دوسری اور تیسری کلاس کے بچوں کے لئے تیار کی گئی ہے اور ۷ سال سے لے کر ۹ سال تک کے وہ بچّے جو کسی مکتب یا مدرسہ میں پڑھتے ہوں ان کے لئے بھی ان شاء اللہ بے حد مفید ہوگی۔ چونکہ دوپہر کے مکاتب ومدارس میں بچّے اپنا سبق لے کر فارغ بیٹھے رہتے ہیں اگر بچوں کے دو گھنٹے قیمتی بنالئے جائیں اور یہ نصاب جاری کروادیا جائے تو ان شاء اللہ تعالیٰ بچوں کو ضروری اور بنیادی دینی علوم پہنچانے میں بے انتہا مفید ثابت ہوگا، اپنے قریبی کسی معیاری کتابوں کی دکان سے یا اردو بازار کراچی سے یا ہم سے براہ راست طلب کریں۔

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com



پیارے بچو! اب یہ کتاب ختم ہو رہی ہے۔ امید ہے آپ نے ان تمام مبارک ناموں کو یاد کرلیا ہو گا، اور اپنی کاپی میں اس کو سو مرتبہ لکھ بھی لیا ہو گا۔ اللہ تعالیٰ آپ کو اور تمام مسلمان بچوں کو ان مبارک ناموں کو یاد کرنے والا اور اس کے معانی اور اس کے نتائج پر عمل کرنے والا بنائے اور اپنی معرفت کاملہ نصیب فرمائے آمین۔

پیارے بچو! اس کتاب کی طرح ہم نے آپ کے لئے دوسری کتاب تیار کی ہے جس کا نام ہے "آسان دینیات" اس کتاب میں بھی جو دعائیں دی ہیں ان کو یاد کر کے اس میں رنگ بھرنا اور دوسرے بچوں کو بھی یہ دعائیں سکھانا اور پیارے بچو دیکھو ہم نے آپ کے لئے اتنی محنت کی ہے اس لئے ہمیں اپنی دعاؤں میں ضرور یاد رکھنا، ہم بھی آپ کے لئے دل سے دعا کرتے ہیں۔



تمام مسلمانوں سے گزارش ہے اس کتاب میں پڑھنے کے دوران کوئی غلطی یا مزید بہتری کی کوئی صورت سامنے آئے تو ہمیں مطلع فرمائیں یہ آپ کا ہم پر احسان عظیم ہو گا، اور ہم آپ کو اپنی دلی دعاؤں میں یاد رکھیں گے۔ والسلام

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

پیارے بچو.....!اب یہ کتاب ختم ہورہی ہے۔امید ہے کہ آپ نے ان تمام دعاؤں کو یاد کرلیا ہوگا اوران دعاؤں کو پڑھتے بھی رہتے ہونگے اوراپنی کاپی میں لکھ بھی لیا ہوگا۔اللہ تعالیٰ آپ کواورتمام مسلمان بچوں کوان دعاؤں کو یاد کرنے اورانکے آداب کی رعایت رکھنے کی توفیق عطافرمائے اوراپنی معرفت کاملہ نصیب فرمائے آمین۔

اس کتاب کی طرح ہم نے آپ کے لئے ایک اوردوسری کتاب بھی تیار کی ہے جس کا نام ہے''آسان دینیات''۔ اس کتاب میں بھی جودعائیں دی ہیں۔ان کو یاد کرکے اس میں رنگ بھریں اور دوسرے بچوں کوبھی یہ دعائیں سکھائیں۔ بچو.....!دیکھوہم نے آپ کے لئے اتنی محنت کی ہے،اس لئے ہمیں اپنی دعاؤں میں ضرور یادرکھنا۔ ہم بھی آپ کے لئے دل سے دعا کرتے ہیں۔

اساتذہ،معلّمات اوروالدین سے گزارش.....!

اس کتاب کے ختم ہونے کے بعد اسکومحفوظ کرکے رکھ لیں۔اسکوضائع نہ ہونے دیں۔اسی طرح کورس ختم ہونے کے بعد اسلامیات اوردینیات کی تمام کتابیں محفوظ کرکے رکھ لیں۔تمام مسلمانوں سے گزارش ہے کہ اس کتاب میں پڑھنے کے دوران کوئی غلطی یامزید بہتری کی کوئی صورت سامنے آئے تو ہمیں ناشر کے ذریعہ یادفرمائیں۔یہ آپ کا ہم پراحسان عظیم ہوگا اورہم آپ کواپنی دلی دعاؤں میں یادرکھیں گے۔والسلام

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

عرض ناشر

اس مختصر سی کتاب میں مسلمان بچوں کے لئے اللہ تعالی کے اچھے اچھے نام مع ترجمہ و مختصر تشریح کے جمع کر دیئے گئے ہیں، تاکہ بچوں کے معصوم دلوں پر بچپن ہی سے توحید، اللہ تعالیٰ کی عظمت و کبریائی کا سکہ جم جائے۔

یہ نام برائے نام نہیں، اللہ تعالی کی (جو اس کائنات، زمین و آسمان اور انسان کا پیدا کرنے والا اور اس کارخانہ قدرت کا تنہا چلانے والا ہے) صفات ہیں ان سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ ان خوبیوں قدرتوں، کمالات اور اوصاف کا مالک ہے۔

کائنات میں سب سے زیادہ محبت کرنے والا، اچھائی کی قدر کرنے والا، رحم کرنے والا، انصاف کرنے والا۔ چھوٹی بڑی چیز کا جاننے والا، اور بڑی سے بڑی چیز اور مشکل کام کو نیست سے ہست میں لانے والا، اور ناممکن کو ممکن بنا دینے والا اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کون ہیں ؟

پھر کیوں نہ اس سے محبت کی جائے، اس کی بڑائی کے گیت گائے جائیں، اٹھتے بیٹھتے اس کا نام لیا جائے، ہر مشکل ہر مصیبت میں اس کو پکارہ جائے اس کی دہائی دی جائے، اس کے سہارے جیا جائے، زندگی بھر اس کا دم بھرا جائے، اور اس کی منشا پر چلا جائے، اپنی جان اپنے ماں باپ اور اولاد اور پیاری سے پیاری چیز سے زیادہ اس سے محبت کی جائے، اٹھتے بیٹھتے اس کا نام لیا جائے، اس کے راستے میں نکل کر افریقہ، ایشیا اور دنیا کے کونوں کونوں میں اس کی بڑائی اور عظمت کی دعوت دی جائے۔

الحمد للہ اسی جذبے کے تحت یہ کتاب مرتب کی گئی ہے امید ہے کہ اساتذہ و معلّمات اسی جذبہ سے کتاب کو پڑھائیں گے پڑھنے اور پڑھانے کے دوران اپنی اصلاح کی بھی نیت اور دعا کرتے رہیں گے۔ اور خوب زیادہ محنت کریں گے اللہ تعالیٰ اس کتاب سے پورا فائدہ اٹھانے کی توفیق عطا فرمائے۔ اور بچوں بوڑھوں سب میں اپنی محبت معرفت کاملہ نصیب فرمائے آمین۔